نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

حالیہ موسمی حالات کے مطابق کپاس کی ایڈوائزری جاری۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور:**28 مئی2026**:ایڈوائزری میں کپاس کے کاشتکاروں کو کہا گیا ہے کہ پانی کی ضرورت (واٹر سکاؤٹنگ) کو جانچنے کے بعد اگر فصل میں پانی کی کمی ہو تو ترجیحاً شام یا رات کے وقت پانی لگائیں۔فصل کو ایک ہی دفعہ زیادہ پانی لگانے کی بجائے وقفہ وقفہ سے ہلکی آبپاشی کریں تا کہ جڑوں کو خوراک اور سانس لینے میں آسانی رہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ ایسے کاشتکار جنہوں نے مئی میں کپاس کی کاشت کی ہے وہ گرمی کے اثرات کم کرنے کیلئے تین دن کے وقفے سے پانی لگائیں اور ایسے کاشتکار جو ابھی فصل کی بوائی کر رہے ہیں وہ صبح یا شام کے اوقات میں بجائی کریں۔سفید مکھی و دیگر ضرر رساں کیڑوں کے کنٹرول کے لئے کپاس کے کاشتکار ہفتے میں کم از کم دوبار پیسٹ سکاؤٹنگ کریں۔کپاس کے کھیت کے اردگرد جڑی بوٹیوں کی تلفی یقینی بنائیں۔کاشتکار متبادل میزبان پودوں مثلاً بینگن،کھیرا،حلوہ کدو،ٹماٹر، مرچ، بھنڈی اور مونگ وغیرہ پر بھی باقاعدگی سے پیسٹ سکاؤٹنگ کریں۔

(ترجمان محکمہ زراعت پنجاب)

☆☆☆☆